صدقے کا گوشت کون کون کھا سکتا ہے؟

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2172

تاریخ اجراء: 06 جمادی الاول 1445ھ/21 نومبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا صدقے کا گوشت سارے گھر والے کھا سکتے ہیں، نیز کیا عزیز و اقارب اور پڑوسیوں کو صدقے کا گوشت دے سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اولاً یہ بات ذہن نشین رہے کہ صدقہ (خواہ گوشت کا ہو یا رقم کا یا کسی اور چیز کا، اس) کی دو اقسام ہیں: (1) صدقہ واجبہ، جس کا کرنا شریعت نے اس پر لازم کر دیا ہو جیسے زکوۃ، صدقہ فطر، عشر، منت کی رقم یا منت کی قربانی کا گوشت یا احرام کے کفارے کا گوشت وغیرہ وغیرہ، (2) صدقہ نافلہ۔ جس صدقے کا کرنا، شرعاً لازم نہ ہو، بلکہ انسان خود اپنی مرضی سے ثواب حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے۔ جیسے کاروبار میں برکت کے لیے یا بلائیں ٹالنے کے لیے یا کسی کی مدد کے لیے وغیرہ وغیرہ۔

اور ان دونوں کا حکم بھی جدا جدا ہے، جو کہ درج ذیل ہے:

(الف) اگر آپ کی سوال میں صدقے کے گوشت سے واجب گوشت مثلا منت والا گوشت یا کفارے وغیرہ والا گوشت صدقہ کرنا مراد ہے تو **اس کے بارے میں حکم شرعی یہ ہے کہ:**

یہ ہر ایسے فقیرِ شرعی مسلمان (یعنی جس شخص کے پاس ساڑھے سات تولے سونا، یا ساڑھے باون تولے چاندی، یا اتنی مالیت کی رقم، یا اتنی مالیت کا مالِ تجارت یا اتنی مالیت کا حاجاتِ اصلیہ (یعنی ضروریاتِ زندگی) سے زائد سامان نہ ہو) کو دے سکتے ہیں جو دینے والے کے اصول (ماں باپ، دادا، نانا) و فروع (بیٹا، پوتا، نواسہ وغیرہ) میں سے نہ ہو اور ہاشمی و سید بھی نہ ہو اور ایسا نابالغ بھی نہ ہو جس کا باپ غنی ہو۔ اسی طرح میاں بیوی بھی ایک دوسرے کو نہیں دے سکتے۔ ان کے علاوہ دیگر رشتہ داروں جیسے: بھائی، بہن کو دینا جائز ہے، جبکہ وہ مستحق یعنی فقیر شرعی ہوں۔

(ب)اوراگر آپ کی مراد **صدقہ نافلہ** ہے تو یہ ہر مسلمان کو دے سکتے ہیں، چاہے وہ ہاشمی ہو یا غیر ہاشمی، امیر ہو یا غریب، اس میں دینے والے کی نیت کا ہی اعتبار ہوتا ہے۔ اس میں سے خود بھی کھا سکتے ہیں، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو بھی دے سکتے ہیں کہ رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو دینے میں دُگنا ثواب ہے، ایک صدقہ کرنے کا دوسرا صلہ رحمی اور پڑوسی کے حقوق کی پاس داری کا۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net